بسم اللہ الرحمن الرحیم

بخاری سید کون ہیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بخاری سید کون ہیں؟

جواب

بخاری سادات برصغیر پاک و ہند کے سب سے معروف، معتبر اور قدیم سادات کے خاندانوں میں سے ہیں۔ کتبِ انساب کے مطابق بخاری سادات کو اِس وجہ سے بخاری کہا جاتا ہے کہ ان کے جدِّ امجد سید جلال الدین سرخ پوش بخاری رحمہ اللہ وسطی ایشیا کے تاریخی اور علمی شہر "بخارا" (موجودہ ازبکستان) سے ہجرت کر کے برصغیر تشریف لائے تھے۔ پھر جو آپ سے آگے نسل چلی، اُن کو بخاری سید کہا جاتا تھا، کیونکہ آپ بخارا سے تشریف لائے تھے۔

سید جلال الدین سرخ پوش بخاری رحمہ اللہ کی سوانح پر لکھی کتاب میں مذکور ہے: آپ حسینی سید ہیں۔۔۔ آپ کی ولادت 595 ہجری میں بخارا کی سرزمین پر ہوئی۔ آپ کے والد ماجد حضرت شیخ سید علی ابو المؤید بن جعفر حسینی سادات کے محترم و مبارک خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ (سید جلال الدین بخاری، صفحہ 02، مطبوعہ مدرسہ سعیدیہ، بہاول پور)

شیخ محقق شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے بھی اپنی معروف کتاب "اخبار الاخیار" میں آپ کو "سید بخاری" لکھا، چنانچہ اِس کتاب میں ہے: تاریخِ محمدی میں لکھا ہوا ہے کہ حضرت سید بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے اپنے چچا حضرت شیخ صدر الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے خرقہ حاصل کیا۔ (اخبار الاخیار مترجم، صفحہ 320، مطبوعہ زاویہ پبلشرز، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-050

تاریخ اجراء: 14 ربیع الاول 1448ھ/28 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net